FEROZSONS
LABORATORIES LIMITED

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting ('EOGM') of the shareholders of **Ferozsons Laboratories Limited** (the "Company") will be held on Friday, July 03, 2026 at 11:45 a.m., at Hotel Blue Lagoon, Masood Akhter Kiani Road, Rawalpindi, as well as through a video link facility to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of the 69th Annual General Meeting held on October 25, 2025.
2. To elect seven (7) Directors as fixed by the Board of Directors in accordance with the provisions of Section 159 (1) of the Companies Act, 2017, for a term of three (3) years commencing from July 07, 2026. Mrs. Akhter Khalid Waheed Chairperson of the Board, sadly passed away on June 1, 2026. Accordingly, the following six remaining retiring directors are eligible for re-election:

**1. Mr. Osman Khalid Waheed** **2. Mrs. Amna Piracha Khan** **3. Mrs. Munize Azhar Peracha**
**4. Mr. Shahid Anwar** **5. Mr. Arshad Saeed Husain** **6. Mr. Suleman Ghani**

**OTHER BUSINESS:**

3. To transact any other business with the permission of the chair.

Rawalpindi
June 12, 2026

By the order of the Board
**(Syed Ghausuddin Saif)**
Company Secretary

**Notes:**

**1. BOOK CLOSURE:**
The Share Transfer Books of the Company will remain closed from June 27, 2026 to July 03, 2026 (both days inclusive). Transfers received at the office of the Company's Share Registrar, M/s CorpTec Associates (Pvt.) Limited, 503-E, Johar Town, Lahore, by the close of business on June 26, 2026 will be considered in time for attendance of the EOGM and as applicable.

**2. ELECTION OF DIRECTORS:**
Any member who seeks to contest an election to the office of Director shall file the following documents with the Company Secretary at the registered office of the Company, not later than fourteen days before the date of the EOGM:

a. Notice of his/her intention to contest for the election to the office of Director under Section 159(3) of the Companies Act, 2017;
b. Consent to act as director (Appendix to Form-9) in accordance with Section 167 of the Companies Act, 2017;
c. Detailed profile, along with office address for placement onto the company's website, in accordance with S.R.O 1196(1) 2019 dated October 3, 2019;
d. Attested copy of CNIC, NTN or Passport;
e. Singed Declaration in respect of being compliant with the requirements of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the eligibility / qualification criteria, as set out in Regulation 101 of the Companies Regulations, 2024 and Section 153 of the Companies Act, 2017 to act as director of a listed company;
f. Independent director(s) will be elected through the process of election of directors in terms of Section 159 of the Act and they shall meet the criteria laid down in section 166 of the Act, and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018 accordingly the flowing additional documents are to be submitted by the candidates intending to contest election of directors as an independent director and
   - Signed declaration by Independent Director(s) under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.
   - Signed undertaking on non-judicial stamp paper that he/she meets the requirements of sub-regulation (1) of Regulation 4 of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulation, 2018.

**3. PARTICIPATION OF SHAREHOLDERS THROUGH ONLINE FACILITY:**
Shareholders interested in attending the meeting through electronic means are requested to register their Name, Folio Number, Cell Number, and Number of Shares held in their name with the subject "Registration for Ferozsons Laboratories Limited EOGM - 2026" along with a valid copy of both sides of the Computerized National Identity Card (CNIC) at cs@ferozsons-labs.com.
The video link and login credentials will be shared with only those members/designated proxies whose emails, containing all the required particulars, are received at least 48 hours before the time of EOGM.

**4. APPOINTMENT OF PROXIES:**
A member entitled to attend and vote at the EOGM may appoint another member, as a proxy, to attend, speak and vote on his/her behalf. The instrument of proxy and the power of attorney or any other authority must be deposited at the Registered office of the Company, duly signed, not later than 48 hours before the time of EOGM. An attested copy of the shareholder's CNIC must be attached to the Proxy Form. The Proxy form is annexed.

**5. CHANGE / UPDATE OF SHAREHOLDERS' PARTICULARS:**
Shareholders holding physical shares are requested to promptly notify the Company's share registrar of any changes to their addresses or other particulars. CDC account holders are requested to update their particulars with their respective participants.

**6. CONVERSION OF PHYSICAL SHARES INTO BOOK ENTRY FORM**
Pursuant to section 72 of the Companies Act, 2017, listed companies are required to replace the physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the date of promulgation of the Act.
The Shareholders who hold physical shares are encouraged to open a CDC sub-account with any of the brokers or an Investor Account directly with CDC to place their physical shares into scrip-less form.

**7. CDC ACCOUNT HOLDERS:**
CDC Account Holders will have to follow the under-mentioned guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

**A. For attending the EOGM:**
(i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder whose securities and their registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall authenticate his / her identity by showing his / her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original Passport at the time of attending the EOGM.
(ii) In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with the specimen signature of the nominee shall be sent to the Company before the EOGM.

**B. For appointing proxies:**
(i) In the case of individuals, the account holder or sub-account holder whose registration details are uploaded as per CDC regulations shall submit the proxy form as per the above requirement.
(ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the Form.
(iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the Proxy shall be furnished with the Proxy Form.
(iv) The proxy shall produce his / her original CNIC or original Passport at the time of the EOGM.
(v) In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature along with proxy form shall be submitted (unless it has not been provided earlier) at least 48 hours before the time of the EOGM.

**8. Postal Ballot / E-VOTING:**
In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 and notified amendments, members will be allowed to exercise the right to vote through electronic voting facility and postal ballot for election of directors, if the number of people who offer themselves to be elected is more than the number directors fixed under Section 159 of the Act, voting shall be conducted in the manner and as per the procedures contained in the Regulations.

**9. CONSENT FOR VIDEO CONFERENCING FACILITY:**
Pursuant to section 132 and 134 of the companies act, 2017 and SECP's circular no. 10 of 2014 dated May 21, 2014, if the company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location to participate in the meeting through video conference at least 10 days before the date of extraordinary general meeting, the company will arrange video conference facility in that city, subject to the availability of such facility in that city. to avail this facility, please submit such a request to the company secretary.

**10. Appointment of Scrutinizer**
In accordance with Regulation 11 of the Companies (Postal Ballot) Regulation, 2018 (the Regulation), the Board of the Company will also appoint rated audited firm, to act as scrutinizer of the Company (as per requirement) for the election of Directors in the meeting and to undertake other responsibilities as defined in Regulation 11A of the Regulations. The name will be communicated after finalization.

**11. Intimation of No Gift Distribution**
The SECP, vide Circular No. 2 of 2018 dated February 9, 2018 and S.R.O. 452(I)/2025 dated March 17, 2025, has strictly prohibited companies from offering or distributing gifts, incentives, or similar benefits (including but not limited to tokens, coupons, meals, or takeaway packages) to members at or in connection with general meetings. In accordance with section 185 of the Companies Act, 2017, any non-compliance with these directives constitutes a punishable offence, and companies found in violation may be subject to enforcement actions and penalties. Members are hereby informed that no gifts will be distributed at the meeting.

**Statement of material facts under section 166(3) of the Companies Act, 2017, has been circulated to the shareholders along with the notice of EOGM. Full notice of EOGM has been placed on the company's website, which can be downloaded from www.ferozsons-labs.com**

# فیروزسنز لیبارٹریز لمیٹڈ

## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

نوٹس ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ فیروزسنز لیبارٹریز لمیٹڈ (" کمپنی ") کے حصص یافتگان کا غیر معمولی اجلاس عام ('EOGM') بروز جمعہ مورخہ 03 جولائی 2026 کو صبح 11:45 بجے بمقام ہوٹل بلیو لیگون، مسعود اختر کیانی روڈ، راولپنڈی میں اور اس کے ساتھ ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیئے منعقد کیا جا رہا ہے۔

**عام کاروبار:**

1۔ 25 اکتوبر 2026 کو منعقدہ 69ویں سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق وتصدیق۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1)159 کے تحت 7 جولائی 2026 کو شروع ہونے والی اگلی تین (3) سالہ مدت کے لیئے بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا تقرر۔

مسز اختر خالد وحید، چیئرپرسن بورڈ کیم جون 2026 کو رضائے الہٰی سے وفات پا گئی تھیں (إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ)۔ چنانچہ سبکدوش ہونے والے باقی ماندہ چھ ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کیلئے اہل ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ جناب عثمان خالد وحید | 2۔ مسز آمنہ پراچہ خان | 3۔ مسز منیزہ اظہر پراچہ |
| 4۔ جناب شاہد انور | 5۔ جناب ارشد سعید حسین | 6۔ جناب سلیمان غنی |

**دیگر کاروبار:**

3۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

راولپنڈی

12 جون 2026

بحکم بورڈ
سید غوث الدین سیف
کمپنی سیکرٹری

**نوٹس:**

**1۔ حصص منتقلی کتب کی بندش:**

کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتابیں 27 جون 2026 سے 03 جولائی 2026 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، M/s CorpTec Associates (Pvt.) Limited، 503-E، جوہر ٹاؤن، لاہور کے دفتر میں 26 جون 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) میں شرکت اور حسبِ اطلاق دیگر مقاصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**2۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب:**

کوئی بھی ممبر جو ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہش مند ہو، اسے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں کمپنی سیکریٹری کے پاس درج ذیل دستاویزات EOGM کی تاریخ سے کم از کم چودہ دن قبل جمع کروانا ہوں گی:

الف۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینے کے ارادے کا نوٹس؛

ب۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 167 کے مطابق ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی (فارم-9 کے ضمیمہ کے مطابق)؛

ج۔ 2019(1)S.R.O 1196 مورخہ 3 اکتوبر 2019 کے مطابق کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کرنے کے لیے دفتر کے پتے سمیت تفصیلی پروفائل؛

د۔ تصدیق شدہ NTN، CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی؛

ر۔ اس امر سے متعلق اعلامیہ کہ امیدوار لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تقاضوں اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 153 میں درج اہلیت کے معیار پر پورا اترتا/اترتی ہے تا کہ ایک لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے سکے؛

ف۔ آزاد ڈائریکٹر (ز) کا انتخاب ایکٹ کی دفعہ 159 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا، اور انہیں ایکٹ کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، 2018 میں مقرر کردہ معیار پر پورا اترنا ہوگا۔ لہٰذا، وہ امیدوار جو آزاد ڈائریکٹر کے طور پر ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں، انہیں درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانا ہوں گی:

- لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شق (3)6 کے تحت آزاد ڈائریکٹر (ز) کا اعلامیہ۔
- غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر یہ حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 4 کی ذیلی شق (1) میں بیان کردہ تقاضوں پر پورا اترتے ہیں۔

**3۔ آن لائن سہولت کے ذریعے شیئر ہولڈرز کی شرکت:**

وہ شیئر ہولڈرز جو الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کے خواہش مند ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو نمبر، موبائل نمبر، اور اپنے نام پر موجود حصص کی تعداد، بعنوان **"رجسٹریشن برائے فیروزسنز لیبارٹریز لمیٹڈ غیر معمولی اجلاس عام 2026"** کے ساتھ، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے دونوں اطراف کی ایک درست نقل بذریعہ ای میل cs@ferozsons-labs.com پر ارسال کریں۔

ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف انہی اراکین/نامزد نمائندوں کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز، تمام مطلوبہ معلومات پر مشتمل، EOGM کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔

**4۔ پراکسیوں کی تقرری:**

کوئی بھی رکن جو اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو، وہ اپنے نمائندے (پراکسی) کے طور پر کسی دوسرے رکن کو مقرر کر سکتا ہے تا کہ وہ اس کی جانب سے اجلاس میں شرکت کرے، اظہارِ خیال کرے اور ووٹ دے۔ پراکسی کا دستاویز، پاور آف اٹارنی یا کوئی دیگر مجاز دستاویز، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں باقاعدہ دستخط شدہ حالت میں غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرانا ضروری ہے۔ شیئر ہولڈر کے CNIC کی تصدیق شدہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔

**5۔ شیئر ہولڈرز کے کوائف میں تبدیلی/تجدید:**

فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے یا دیگر تفصیلات میں کسی بھی تبدیلی کی فوری اطلاع کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو دیں۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تفصیلات اپنے متعلقہ شرکاء (Participants) کے پاس اپ ڈیٹ کروائیں۔

**6۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق، لسٹڈ کمپنیوں کے لیے لازم ہے کہ وہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم سے تبدیل کریں۔ وہ شیئر ہولڈرز جو فزیکل شیئرز رکھتے ہیں، انہیں ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ CDC سب اکاؤنٹ کھلوائیں یا براہِ راست CDC کے ساتھ ایک انویسٹر اکاؤنٹ قائم کریں تا کہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس (الیکٹرانک) فارم میں منتقل کر سکیں۔

**7۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز:**

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ 26 جنوری 2000 کے سرکلر نمبر 1 میں دی گئی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

**A۔ اجلاس میں شرکت کے لیے:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی سیکیورٹیز اور اندراج کی تفصیلات سی ڈی سی رولز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کریں گے۔

(ii) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس کے ساتھ نامزد شخص کے دستخطوں کا نمونہ ہو، اجلاس سے قبل کمپنی کو ارسال کیا جائے گا۔

**B۔ پراکسی مقرر کرنے کے لیے:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، وہ مذکورہ بالا شرط کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم کی دو گواہوں سے تصدیق کی جائے گی جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم میں درج ہوں گے۔

(iii) بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں گی۔

(iv) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

(v) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس کے ساتھ دستخطوں کا نمونہ اور پراکسی فارم ہو، (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروایا جائے گا۔

**8۔ پوسٹل بیلٹ/ای-ووٹنگ:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 اور نوٹیفائیڈ ترامیم کے مطابق، اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی تا کہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ووٹ دیا جا سکے۔ اگر انتخاب کے لیے پیش کرنے والے افراد کی تعداد ایکٹ کے سیکشن 159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو تو ووٹنگ مذکورہ ریگولیشنز میں درج طریقہ کار اور ضوابط کے مطابق منعقد کی جائے گی۔

**9۔ ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کے لیے رضامندی:**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 132 اور 134 کے مطابق، اگر کمپنی کو اُن اراکین کی رضامندی موصول ہو جائے جو مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھتے ہیں اور کسی جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر ہیں، اور وہ اراکین غیر معمولی جنرل میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم 10 دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کرنا چاہتے ہوں، تو کمپنی اُس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی، بشرطیکہ اس شہر میں ایسی سہولت دستیاب ہو۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہ کرم کمپنی سیکرٹری کو درخواست جمع کروائیں۔

**10۔ اسکروٹنائزر کی تقرری**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 (ریگولیشن) کی 11 ریگولیشن کے مطابق، کمپنی کا بورڈ ایک مستند آڈٹ شدہ فرم کو بطور اسکروٹنائزر (حسبِ ضرورت) مقرر کرے گا جو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے منعقد ہونے والے اجلاس میں کمپنی کے اسکروٹنائزر کے طور پر خدمات انجام دے گا اور ریگولیشن 11A کے تحت متعین دیگر ذمہ داریوں کی انجام دہی بھی کرے گا۔ حتمی تقرری کے بعد اس فرم کا نام باضابطہ طور پر آگاہ کر دیا جائے گا۔

**11۔ تحائف کی تقسیم نہ ہونے کی اطلاع**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP)، بذریعہ سرکلر نمبر 2 آف 2018 مؤرخہ 9 فروری 2018، اور S.R.O. 452(I)/2025 مؤرخہ 17 مارچ 2025، نے کمپنیوں کو جنرل میٹنگز میں یا ان کے سلسلے میں اراکین کو تحائف، مراعات یا اسی نوعیت کے فوائد (جن میں بالعموم ان تک محدود نہیں ٹوکنز، کوپن، کھانے یا ٹیک اوے پیکجز شامل ہیں) دینے یا تقسیم کرنے سے سختی سے منع کیا ہے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 185 کے مطابق، ان ہدایات کی کسی بھی خلاف ورزی کو قابلِ سزا جرم سمجھا جائے گا، اور خلاف ورزی کرنے والی کمپنیوں کے خلاف نفاذی کارروائیاں اور جرمانے عائد کیے جا سکتے ہیں۔ اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اجلاس میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت مادی حقائق کا بیان شیئر ہولڈرز کو غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ بھیج دیا گیا ہے۔ اجلاس کا مکمل نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر رکھا گیا ہے، جسے www.ferozsons-labs.com سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔**